## ضلع بھر کے 84 بازاروں میں تقریباً 8 لاکھ روپے سے زائد کا فائدہ عوام نے حاصل کیا۔

## بلڈ بینک جس نے ایک جان بچائی گویا اس نے پوری انسانیت کو بچایا

حدیث شریف

## الخدمت درانی بلڈ بینک جلال پور جٹاں سے مریضوں کو خون کی 202 بوتلیں مہیا کی گئیں۔

2007ء میں پہلا الخدمت درانی بلڈ بینک جلال پور جٹاں میں شروع کیا گیا جو علاقہ میں لوگوں کو خون فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف جگہوں پر کیمپ لگا کر مختلف فری بلڈ ٹیسٹ بھی کر رہا ہے۔ اس سال 202 خون کی بوتلیں مریضوں کی جان بچانے کی غرض سے فراہم کی گئیں۔ بلڈ بینک سے محلقہ لیبارٹری نے 1700 مریضوں کے مختلف ٹیسٹ کیے۔ دوران سال بلڈ بینک پر ہونے والے اخراجات 2 لاکھ 40 ہزار روپے ہیں۔

### الخدمت بلڈ بینک لالہ موسیٰ

دوسرا بلڈ بینک فروری 2009ء میں الخدمت فاؤنڈیشن ضلع گجرات نے لالہ موسیٰ میں ٹھیکیدار جاوید اختر مرحوم کے ایصال ثواب (صدقہ جاریہ) کے لیے عبداللہ ہسپتال میں قائم کیا ۔جس کا افتتاح سابق صدر الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان جناب لیاقت بلوچ نے کیا۔ بلڈ بینک کے قیام پر 1 لاکھ 75 ہزار روپے کے اخراجات آئے۔ جو کہ اب عارضی طور پر CMH کھاریاں کی ضرورت پر وہاں منتقل ہو چکا ہے۔ چھ ماہ میں بلڈ بینک سے 57 مریضوں کو خون کی بوتلیں مہیا کی گئیں۔



الخدمت چوہدری نیاز علی فتح علی کلینک چنڈالہ میں مریضہ کو چیک کیا جا رہا ہے
اس کلینک میں ہر ماہ 1000 سے زائد مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے

## جہیز فنڈ

22 بے آسرا اور غریب بچیوں کو 1 لاکھ 20 ہزار روپے کا جہیز فراہم کیا گیا۔ الخدمت فاؤنڈیشن ضلع گجرات کے کارکن لوگوں کی خودی کو مجروح کئے بغیر عوام کے تعاون اور اپنی مدد آپ کے تحت اپنے یونٹس میں لوگوں کی مدد کرتے ہیں۔

## شعبہ بہبود اسیران اور حصول انصاف کے تحت مستحق قیدیوں کی امداد پر تقریباً 600,000 روپے خرچ کیے گئے۔

الخدمت فاؤنڈیشن نے دیت اور جرمانے نہ ادا کر سکنے کی وجہ سے قید کاٹنے والے قیدیوں کی رہائی، ادویات، پنکھوں اور نظر کی عینکوں وغیرہ پر 6 لاکھ روپے سے زائد رقم خرچ کی گئی۔

الخدمت فاؤنڈیشن گجرات نے پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن ضلع گجرات کے تعاون سے ڈسٹرکٹ جیل میں فری میڈیکل کیمپ لگایا۔ جس میں خصوصاً سزائے موت کے قیدیوں کا چیک اپ کیا گیا اور کئی قیدیوں کو خطرے کی حالت میں ہونے کی وجہ سے ایمرجنسی طور پر عزیز بھٹی ہسپتال منتقل کیا گیا۔ 100 سے زائد قیدیوں کی نظر چیک کر کے فری عینکیں بھی فراہم کی گئی۔

## مسلمان فقراء اور مساکین کا ہمیشہ خادم رہنا

حضرت علیؓ کی اپنے بیٹوں کو نصیحت

## متفرقات

☆ الخدمت فاؤنڈیشن کے تحت گجرات میں ایک سکول ریاض الاسلام مڈل سکول بادشاہی روڈ پر کام کر رہا ہے۔ جہاں 29 طلباء وطالبات کی تعلیم بالکل فری ہے۔

☆ کنجاہ میں الخدمت فاؤنڈیشن کے تحت قصبے کے لوگوں کو پینے کا صاف پانی مہیا کیا جا رہا ہے۔

☆ ایم فل (تخصص التفسیر) کے دو طالبعلموں کا داخلہ فیس جمع کروائی گئی۔ اور اب تک دو سمسٹر کی فیس ادا کی جا چکی ہے۔